A-PDF Watermark DEMO: Purchase from www.A-PDF.com to remove the watermark

# ماڈل پیپر "اسلامیات اختیاری"

## برائے انٹرمیڈیٹ پارٹ-II امتحان

### حصہ معروضی

وقت: 30 منٹ — کل نمبر: 20

سوال نمبر 1- تمام سوالات کے جوابات دی گئی جوابی کاپی پر لکھیئے۔ ہر سوال کے 4 (چار) ممکنہ جواب A، B، C اور D دیئے گئے ہیں جس جواب کو آپ درست سمجھیں جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جز A، B، C یا D کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے ایک دائرے کو پین یا مارکر کی سیاہی سے بھر دیں۔

(i) قرآن کے معنی ہیں۔
(الف) ملانا (ب) صدیاں (ج) باربار پڑھا جانا (د) غور سے سننا

(ii) بنی اسرائیل سے مراد ہے۔
(الف) اولادِ نوحؑ (ب) اللہ کی بات سننے والے (ج) اولادِ یعقوبؑ (د) لبنانی

(iii) سورۃ البقرہ میں متقین کی صفات بیان ہوئی ہیں۔
(الف) چھ (ب) تین (ج) سات (د) نو

(iv) جہنم کا ایندھن ہیں۔
(الف) لکڑی اور کوئلہ (ب) تانبا (ج) پٹرول (د) لوگ اور پتھر

(v) مدّتِ نزولِ قرآن ہے۔
(الف) چالیس سال (ب) پچیس سال (ج) دس سال (د) تقریباً تیئیس سال

(vi) جمع تدوین قرآن کا سبب بنا۔
(الف) غزوہ تبوک (ب) جنگ یرموک (ج) جنگ یمامہ (د) غزوہ خندق

(vii) عبادات کا مقصد بیان ہوا۔
(الف) تقویٰ (ب) بہادری (ج) شہرت (د) طہارت وصفائی

(viii) حضرت آدمؑ کو عطا کیا گیا۔
(الف) ستاروں کا علم (ب) جنّات وشیاطین کا علم (ج) اسماء کا علم (د) قیامت کا علم

(ix) سورۃ البقرہ میں جو کلمہ حضورؐ کے لئے کہنا ممنوع ٹھہرا۔
(الف) اُنْظُرْنَا (ب) اَغِثْنَا (ج) رَاعِنَا (د) اَجِبْنَا

(x) تحویل قبلہ ہوئی۔
(الف) ۵ نبوی (ب) ۱۰ھ (ج) ۲۴ھ (د) ۲ھ

(xi) شعائر اللہ میں سے ہیں۔
(الف) جبل احد وثور (ب) غارِ حرا (ج) صفا ومروہ (د) مسجد غمامہ

(xii) اعمال کا دارومدار ہے۔
(الف) جگہوں پر (ب) مسجدوں پر (ج) نیتوں پر (د) سنن ونوافل پر

Result.pk

(xiii) صحاح ستہ سے مراد ہے۔

(الف) مشکوٰۃ شریف (ب) بہشتی زیور (ج) تورات وزبور (د) حدیث کی صحیح چھ کتب

(xiv) صحیحین سے مراد ہے۔

(الف) دو سیدھے راستے (ب) اللہ کی راہ میں خرچ کرنا (ج) بخاری ومسلم (د) طبرانی وحاکم

(xv) جامع القرآن ہیں۔

(الف) حضرت ابی بن کعبؓ (ب) حضرت ابوبکر صدیقؓ (ج) حضرت ابوھریرہؓ (د) حضرت عثمان غنیؓ

(xvi) سورۃ البقرہ کے کل رکوع ہیں۔

(الف) ۲۵ (ب) ۱۲ (ج) ۴۰ (د) ۱۱۰

(xvii) بابل میں اترنے والے فرشتوں کے نام ہیں۔

(الف) طالوت وجالوت (ب) صغریٰ وکبریٰ (ج) ھاروت وماروت (د) میکائیل واسرافیل

(xviii) شیطان راندۂ درگاہ ہوا۔

(الف) عبادت نہ کرنے سے (ب) آسمانوں پر نہ چڑھنے سے (ج) قرآن نہ پڑھنے سے (د) آدمؑ کو سجدہ نہ کرنے سے

(xix) ایمان کی پہلی بنیاد ہے۔

(الف) حج کرنا (ب) صدقہ وخیرات (ج) عقیدۂ توحید ورسالت (د) رمضان کے روزے

(xx) پہلوان وہ ہے جو۔

(الف) بہت بھاری جسم والا ہو (ب) روزانہ ورزش کرتا ہو (ج) غصے پر قابو پائے (د) کسی سے نہ ڈرے

Result.pk

3

# ماڈل پیپر "اسلامیات اختیاری"

برائے انٹرمیڈیٹ پارٹ-II امتحان

وقت: 2-30 گھنٹے | حصہ انشائی | کل نمبر: 80

## حصہ اول

**سوال نمبر 2- کوئی سے 6 مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔**

(i) حروف مقطعات سے کیا مراد ہے؟

(ii) متقین کے اعمال کا نتیجہ کیا ہے؟

(iii) قرآن حکیم کی کوئی تین خوبیاں بیان کیجئے۔

(iv) مکی سورتوں کی خصوصیات لکھئے۔

(v) سورۃ البقرہ کی مختصر وجہ تسمیہ لکھئے۔

(vi) منافقین کو کیسا ایمان لانے کا حکم دیا گیا؟

(vii) اعجاز القرآن پر کسی ایک آیت کا ترجمہ لکھئے۔

(viii) اللہ تعالیٰ نے کس بنا پر حضرت آدمؑ کو فرشتوں پر برتری عطا فرمائی؟

(ix) واقعہ سبت کیا ہے؟

**سوال نمبر 3- کوئی سے 6 مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔**

(i) صحاح ستہ کے صرف نام تحریر کیجئے۔

(ii) سنن ابن ماجہ کے مصنف کا نام اور سن وفات تحریر کیجئے۔

(iii) حضورﷺ نے حضرت جبرائیلؑ سے احسان کا مفہوم پوچھا تو حضرت جبرائیلؑ نے کیا جواب دیا

(iv) ناسخ و منسوخ کا مفہوم واضح کیجئے۔

(v) کسی مسلمان شخص کے قتل کی حدیث میں مذکور تین وجوہات تحریر کیجئے۔

(vi) حیاء کی اہمیت پر ارشاد رسولﷺ تحریر کیجئے۔

(vii) ارکان اسلام تحریر کیجئے۔

(viii) فرائض کی بجا آوری کے بعد کون سا عمل انسان کو اللہ کا محبوب بناتا ہے؟

(ix) فعل لازم اور فعل متعدی کی تعریف لکھیے۔

**سوال نمبر 4- کوئی سے 8 مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔**

(i) وحی کے نزول کی کیفیات تحریر کیجئے۔

(ii) مدنی سورتوں کی خصوصیات تحریر کیجئے۔

(iii) فرشتوں نے حضرت آدمؑ کی تخلیق پر کیا اعتراض کیا؟

(iv) ہاروت و ماروت دو فرشتے ہیں انہیں کس مقصد کے لئے زمین پر اتارا گیا؟

(v) تحویل قبلہ کا حکم آنے پر صحابہ کرامؓ نے کس عمل کا مظاہرہ کیا؟

(vi) سورۃ البقرہ میں اہل ایمان کو کن اعمال کے ذریعے مدد طلب کرنے کا حکم دیا گیا ہے؟

(vii) نیت کی اہمیت پر رسول اکرمﷺ کا ارشاد بیان کیجئے۔

(viii) زکوٰۃ کے مصارف تحریر کیجئے۔

(ix) متفق علیہ حدیث سے کیا مراد ہے؟

(x) اسم معرفہ کی تعریف اور ایک مثال تحریر کیجئے۔

(xi) حدیث کے مطابق آدمی کے اسلام کی خوبی کیا ہے؟

(xii) تکریم جار سے کیا مراد ہے؟

Result.pk

# حصہ دوم

سوال نمبر 5۔ درج ذیل آیت قرآنی کا ترجمہ وتشریح کیجئے۔ 10

فَاذْكُرُونِي اَذْكُرْكُم وَاشْكُرُوا لِي وَلَا تَكْفُرُونِ۔

سوال نمبر 6۔ درج ذیل آیات میں سے کسی ایک قرآنی آیت کی سیاق وسباق سے وضاحت کریں۔ 10

وَاَنِّي فَضَّلْتُكُم عَلَى العٰلَمِين.

رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَينِ لَكَ وَمِن ذُرِّيَّتِنَا.

سوال نمبر 7۔ درج ذیل حدیث مبارکہ کا ترجمہ وتشریح کیجئے۔ 10

مَن كَانَ يُؤمِنُ بِااللّٰهِ وَاليَومِ الْاٰخِرِ فَلْيُكرِم جَارَه'.

سوال نمبر 8۔ درج ذیل احادیث مبارکہ میں سے کسی دو کی سیاق وسباق سے وضاحت کیجئے۔ 10

(الف) فَقَالَ ازهَد فِي الدُّنيَا يُحِبُّكَ اللّٰهُ.

(ب) فَاِن لَّم يَستَطِع فَبِلَسَانِهِ.

(ج) اَلَا وَهِيَ القَلبُ.

Result.pk